# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: ملکیت اراضی، مزارعت، مساقات اور شفعہ کا اسلامی قانون (2967) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔
6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7) غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا4)

سوال نمبر 1۔ حکومت کی طرف سے تحدیدِ ملکیت کی مستقل اور عارضی صورتوں میں کیا فرق ہے، اور کن شرائط کے تحت عارضی تحدیدِ ملکیت کو شرعاً جائز قرار دیا جا سکتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 2۔ معادن، کنز اور رکاز سے کیا مراد ہے، اور معدنِ ظاہر اور معدنِ باطن میں کیا فرق بیان کیا گیا ہے؟ (20)

سوال نمبر 3۔ اسلام میں اراضی کی اقسام کیا ہیں؟ واضح کریں۔ نیز زمین کی ملکیت کے بنیادی احکام پر بھی بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ مالک کے اعتبار سے ملکیت کی اقسام واضح کریں نیز ملکیت کے حصول کے بنیادی اسباب بھی بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ احیاءِ موات سے کیا مراد ہے، اور فقہاءِ کرام کے نزدیک کن اعمال سے بنجر زمین پر ملکیت ثابت ہو جاتی ہے؟ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 5تا9)

سوال نمبر 1۔ مساقات کی لغوی اور اصطلاحی تعریف، مشروعیت اور حکمت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ وہ کون سی صورتیں ہیں جن میں عقدِ مساقات فاسد ہو جاتا ہے؟ نیز بتائیں کہ صحیح عقدِ مساقات کے اختتام پر پیداوار کی تقسیم اور ذمہ داریوں کے بارے میں فقہاء کا کیا موقف ہے؟ (20)

سوال نمبر 3۔ شفعہ کی لغوی و اصطلاحی تعریف، مشروعیت اور اقسام بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ حق شفعہ کے نا قابلِ انتقال اور نا قابلِ تقسیم ہونے سے کیا مراد ہے؟ فقہِ احناف اور جمہور فقہاء کے دلائل کی روشنی میں وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اگر مشتری شفعہ کے دعویٰ سے پہلے مشفوعہ جائیداد میں اضافہ کر دے، تو اس اضافے کا حق شفعہ پر کیا اثر پڑتا ہے؟ تفصیل سے وضاحت کریں۔ (20)